IBA Institute of Business Administration Karachi

Leadership and Ideas for Tomorrow

ٹینڈر نوٹس

OS/02/17-18

دوبارہ استعمال کے قابل پرانی اشیا اور اسکریپ کا ''جیسا ہے جہاں ہے'' کی بنیاد پر ڈسپوزل

انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، کراچی (آئی بی اے) کو ڈیلرز/افراد جو دوبارہ استعمال کے قابل پرانی اشیا/اسکریپ کا کام کرتے ہوں سے ''جیسا ہے جہاں ہے'' کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔

اشیا کی تفصیلات اور دیگر شرائط وضوابط ٹینڈر فارم میں شامل ہیں۔ ٹینڈر فارمز سینئر منیجر پروکیورمنٹ اینڈ اسٹورز، فوجی فاؤنڈیشن بلڈنگ، آئی بی اے، مین کیمپس، یونیورسٹی روڈ، کراچی کے دفتر سے **26 مارچ 2018ء سے 10 اپریل 2018ء تک پیر تا جمعہ** کسی بھی کام والے دن دوپہر **12:00 بجے تک** حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر فارمز کی قیمت یعنی **مبلغ -/500** (صرف پانچ سو) روپے یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، کراچی یونیورسٹی کیمپس برانچ میں اکاؤنٹ نمبر A/C # 003-0002-5 میں جمع کروانا ہوگی۔

ٹینڈر دستاویزات پروکیورمنٹ اینڈ اسٹور آفس میں **10 اپریل 2018ء** دوپہر **12:00 بجے تک** جمع کروانا لازمی ہیں اور انھیں اُسی تاریخ یعنی **10 اپریل 2018ء** کو دوپہر **12:30** پر اُس وقت وہاں موجود نمائندگان کی موجودگی میں کھولا جائے گا۔ عام تعطیل کی صورت میں ٹینڈر دستاویزات اگلے کام والے دن اُسی مقام اور وقت پر کھولی/وصول کی جائیں گی۔ ازراہِ کرم ٹینڈر دستاویز کے ہمراہ کل لاگت کا 2% بطور بڈ سکیورٹی بشکل پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن، کراچی جمع کروائیں۔

ازراہِ کرم لفافے کی بائیں طرف اوپر کونے پر ''ٹینڈر نمبر'' درج کریں۔ آئی بی اے کسی بھی مرحلے پر آئی بی اے کی جانب سے تشکیل کردہ قوانین وضوابط کے مطابق کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو قبول یا منسوخ یا کارروائی ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

کسی معلومات یا سوالات کیلئے ازراہِ کرم سینئر پرچیز ایگزیکٹو سے ٹیلیفون نمبر 38104700 ایکسٹینشن 2150 پر رابطہ کریں۔

رجسٹرار

آئی بی اے، مین کیمپس، یونیورسٹی روڈ، کراچی 75270

فون: 422-111-422-(21-92) فیکس: 99261508

ای میل: info@iba.edu.pk، ویب سائٹ: www.iba.edu.pk

PID(k) 00000

14x2col